COMMITTEE FOR THE WELFARE OF PRISONERS

LEGAL AID OFFICE

قانونی معاونت

01

قاسم: السلام علیکم دوست! آپ کا نام کیا ہے اور آپ کس
الزام کے تحت اس جیل میں لائے گئے ہو؟
آصف: میرا نام آصف ہے۔ میں نے کوئی جرم نہیں کیا! میں اپنے گھر جا رہا تھا
کہ دو پولیس والوں نے مجھے روک کر تلاشی لی۔ مجھ سے کوئی غیر قانونی چیز نہ ملنے پر
انہوں نے مجھ سے رشوت مانگی لیکن میں نے رشوت دینےسے انکار کر دیا۔ یہی وجہ ہے کہ یہاں
جھوٹے الزامات کے تحت جیل میں ڈال دیا ہے۔ انہوں نے میرے خلاف ڈکیتی کا مقدمہ بنایا ہے
اور میں ایک غریب عام آدمی ہوں جس کے پاس اب یہاں سے نکلنے کا کوئی ذریعہ نہیں ہے۔
دوست! میں دہاڑی دار مزدور ہوں اور میرے پاس اتنے پیسے اور وسائل نہیں ہیں کہ میں کسی
پرائیویٹ وکیل کی فیس ادا کر سکوں۔

02

قاسم: فکر نہ کریں آپ حکومتِ سندھ کی جانب سے فراہم کردہ کسی قابل اور تجربہ کار دفاعی وکیل کی خدمات حاصل کر سکتے ہیں۔

میرے علم کے مطابق اپنے مقدمے میں قانونی نمائندگی کے لیے وکیل حاصل کرنا آپ کا بنیادی حق ہے۔ حکومتِ سندھ نے قیدیوں کی فلاح و بہبود کے لیے ایک قانونی کمیٹی تشکیل دی ہے جس کے ذریعے ایسے قیدیوں کو قانونی مدد فراہم کی جائے گی جن کے پاس وکیل کی خدمات حاصل کرنے کے لیے مالی وسائل دستیاب نہیں ہوتے۔

آصف: بہت خوب! کیا آپ مجھے اس بارے میں مزید بتا سکتے ہیں؟ اور میں ان سے رابطہ کیسے کرسکتا ہوں؟

03

قاسم: ان وکلاء تک رسائی حاصل کرنے کے مختلف طریقے ہیں۔ ان کے نمائندے جیل میں نئے داخل ہونے والے قیدیوں اور غیر سزا یافتہ قیدیوں کا انٹرویو لینے جیل کا دورہ کرتے رہتے ہیں۔ آپ ان کے دورے کے دن ان سے ملاقات کرسکتے ہیں وہ آپ کا انٹرویو کریں گے اور آپ کی جانب سے عدالت میں اپنا وکالت نامہ دائر کریں گے۔ آپ اس معاملے پر جیل سپرنٹنڈنٹ سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں۔

آصف: لیکن۔۔۔ مجھ خدشہ ہے، اگر وہ یہ سب بغیر کسی فیس کے کر رہے ہیں، تو کیا وہ میرا مقدمہ مطلوبہ سنجیدگی سے لڑیں گے؟

قاسم: یقینا، وہ اہل اور قابل اعتماد ہیں کیونکہ وہ پہلے ہی آپ جیسے ہزاروں لوگوں کے کئی مقدمات کی پیروی کرتے ہوئے انہیں انصاف دلوا چکے ہیں۔ آپ وزارتِ قانون، حکومت سندھ کی قانونی مشاورتی ہیلپ لائن **0800 70806** کے ذریعے بھی قانونی مشورے مفت حاصل کر سکتے ہیں۔



آصف: کیا اس عمل کی کوئی فیس ہے؟

قاسم: نہیں، یہ بھی بالکل مفت ہے، اگر آپ صبح 9 بجے سے شام 5 بجے کے درمیان فون کریں گے تو آپ کی بات براہ راست وکیل کیساتھ ہوجائے گی۔ اس وقت کے علاوہ فون کرنے پر ایک خودکار رکارڈنگ کا نظام موجود ہوگا جس کے ذریعے آپ اپنا مسئلہ رکارڈ کروائیں گے جبکہ دوسرے دن آپ کو فون کرکے آپ کے مسئلے کے متعلق آگہی دی جائیگی، لہٰذا شام 5 بجے سے پہلے فون کرنے کی کوشش کریں تو وہ بہتر ہے۔

آصف: شکریہ قاسم! آپ نے میرا مسئلہ حل کر دیا ہے اور مجھے اس ذہنی اذیت اور الجھن سے نکال دیا ہے، قیدیوں کی بہبود کیلئے کمیٹی کے وکلاء کی ٹیم کا انتظار کروں گا اور اپنے مسائل کے حوالے سے ان سے رجوع کروں گے۔

COMMITTEE FOR THE WELFARE OF PRISONERS

LEGAL AID OFFICE

ہیڈ آفس

Block - C, First Floor, FTC Building,
Shahrah -e-Faisal, Karachi.,

فون

ٹول فری : 0800-70806

ہیڈ آفس : 021-35390132-33

کال سینٹر آفس : 021-35308533

ای میل
info@lao.org.pk

فیس بک
@LegalAidOfficePakistan

ویب سائٹ
www.lao.org.pk

خاکہ نگار
سحر سطوت